ONE NATION ONE PASSION
PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE
PCB.COM.PK

انگلینڈ کے خلاف ٹیسٹ سیریز کے لیے میچ آفیشلز کا اعلان کر دیا گیا

- کمار دھرماسینا، کرسٹوفر گیفینی اور شرف الدولہ سیکت امپائرز ہونگے
- سر رچی رچرڈسن آئی سی سی میچ ریفری کی ذمہ داری نبھائیں گے

لاہور،3 اکتوبر 2024ء:

پاکستان اور انگلینڈ کے درمیان کھیلی جانے والی تین میچوں کی ٹیسٹ سیریز کے لیے میچ آفیشلز کا اعلان کر دیا گیا ہے۔

یہ سیریز آئی سی سی ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کا حصہ ہے جس کا پہلا ٹیسٹ 7 سے 11 اکتوبر تک ملتان میں ہو گا۔ دوسرا ٹیسٹ بھی ملتان میں 15 سے 19 اکتوبر تک کھیلا جائے گا جبکہ راولپنڈی 24 سے 28 اکتوبر تک تیسرے ٹیسٹ کی میزبانی کرے گا۔

ویسٹ انڈیز کے سر رچی رچرڈسن اس سیریز میں میچ ریفری کی حیثیت سے پلیئنگ کنٹرول ٹیم کے سربراہ ہونگے۔
وہ آئی سی سی کے ایلیٹ پینل آف میچ ریفریز کے ممبر ہیں۔

پہلے ٹیسٹ کے لیے سری لنکا کے کمار دھرماسینا اور بنگلہ دیش کے شرف الدولہ سیکت آن فیلڈ امپائرز ہونگے یہ دونوں آئی سی سی ایلیٹ پینل آف امپائرز میں شامل ہیں۔

نیوزی لینڈ کے کرسٹوفر گیفینی جو آئی سی سی ایلیٹ پینل آف امپائرز کا حصہ ہیں تھرڈ امپائر ہوں گے جبکہ پاکستان کے آصف یعقوب (آئی سی سی انٹر نیشنل پینل آف امپائر) فورتھ امپائر کے فرائض انجام دیں گے۔

دوسرے ٹیسٹ کے لیے کمار دھرماسینا اور کرسٹوفر گیفینی آن فیلڈ امپائرز کے فرائض انجام دیں گے جبکہ شرف الدولہ سیکت تھرڈ امپائر ہونگے۔ پاکستان کے راشد ریاض جو آئی سی سی انٹر نیشنل پینل آف امپائرز کا حصہ ہیں، چوتھے امپائر ہوں گے۔

راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں تیسرے ٹیسٹ کے لیے کرسٹوفر گیفینی اور شرف الدولہ سیکت آن فیلڈ امپائرز کے فرائض سرانجام دیں گے جب کہ کمار دھرماسینا تھرڈ امپائر ہونگے۔ پاکستان کے فیصل آفریدی جو انٹر نیشنل پینل آف امپائرز میں شامل ہیں، چوتھے امپائر ہوں گے۔

-END-

Media contact:
Media, Communications and Digital Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners
Pathway Cricket Programme
Broadcast & Live Streaming Partners

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk | /PakistanCricketBoard | /TheRealPCB | /TheRealPCB | /PakistanCricketOfficial